6 اپریل 2020ء

اسٹیٹ بینک نے کووڈ19 سے مقابلے کے لیے اپنی ری فنانس سہولت کے تحت اسپتالوں اور طبّی مراکز کو مزید لچک فراہم کردی

کورونا وائرس کی وبا پھیلنے کے بعد بینک دولت پاکستان معیشت کو تقویت دینے کے لیے کئی اقدامات کرچکا ہے۔ اسٹیٹ بینک کا ایک ابتدائی قدم اسپتالوں کو، جو اس بیماری کا مقابلہ کرنے میں پیش پیش رہے ہیں، مدد فراہم کرنا تھا۔ اس کے لیے 17 مارچ 2020ء کو اسٹیٹ بینک کی ری فنانس فیسلٹی ٹو کمبا ٹ کووڈ 19 (RFCC) کے ذریعے اسپتالوں کو اپنی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے سہولت مہیا کی گئی۔ اس کے بعد سے اسٹیٹ بینک کو اسے مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز موصول ہوئی ہیں۔ ان تجاویز کو مد نظر رکھتے ہوئے اسٹیٹ بینک نے آر ایف سی سی کے تحت شعبہ صحت کو مزید سہولت دینے کے لیے مزید لچک فراہم کی ہے۔ کورونا وائرس کی وبا کے خلاف کام کرنے والے اسپتالوں اور طبّی مراکز کو اب اپنے موجودہ آلات اور ری فربش آلات کی خریداری کے عوض بھی فنانسنگ حاصل کرنے کی اجازت ہوگی بشرطیکہ یہ آلات کورونا وائرس سے نمٹنے کی خصوصی سہولت، آئسو لیشن وارڈ کی تعمیر میں استعمال کیے جائیں۔ مزید یہ کہ علیحدہ آئسو لیشن فیسلٹی قائم کرنے کے لیے سول ورکس کی زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کوریج کو بھی بڑھا کر 100 فیصد کر دیا گیا ہے۔ بینکوں کو اس امر کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے کہ اس سہولت کے تحت دی جانے والی فنانسنگ اسی مقصد کے لیے استعمال کی جائے۔ توقع ہے کہ ان تبدیلیوں سے اسپتالوں، طبّی مراکز کو اسٹیٹ بینک کی ری فنانس سہولت کو زیادہ آسانی سے استعمال کرنے میں مدد ملے گی۔

***